# 17-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ چیف الیکشن کمشنر نے واضح کیا کہ الیکشن کمیشن اور عوام کے درمیان، پارٹیوں کے درمیان کسی بھی طرح کا امتیاز نہیں رکھتی۔

۲۔ چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاست میں پراجکٹس کیلئے پانی مختص کرنے کا عمل مکمل ہونے کے بعد فاضل پانی کے موضوع پر آندھرا پردیش حکومت سے بات چیت کی جائے گی۔

۳۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے جج سیام کوشی نے کہا ہے کہ ثالثی اور مفاہمت کے ذریعہ مقدمات کی یکسوئی سے عدالتوں پر بتدریج بوجھ کم ہوتا ہے۔

۴۔ خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع بھدرادری کوتہ گوڑم، محبوب آباد، ملگو میں محکمہ موسمیات نے شدید بارش کی پیش قیاسی کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

WEATHER

خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع بھدرادری کوتہ گوڑم، محبوب آباد، ملگو میں محکمہ موسمیات نے شدید بارش کی پیش قیاسی کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ امکان ظاہر کیا ہے کہ متحدہ اضلاع عادل آباد، ورنگل، کاماریڈی، میدک، نلگنڈہ، وقار آباد میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ اسی طرح حیدرآباد، سکندرآباد میں بھی بعض مقامات پر بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Singur Project

ریاستی وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ سنگور پراجکٹ کی سلامتی سے متعلق ڈیم سیفٹی کمیٹی کی جانب سے مقرر کردہ قواعد کے مطابق 520.5 میٹر آبی ذخیرہ کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ ذخیرہ آب میں پانی کے شدید بہاؤ کے پیش نظر ضلع کلکٹر پی پراوینیا، محکمہ آبپاشی کے سپرنٹنڈنٹ انجینئر، محکمہ مال کے عہدیداروں اور پولیس آفیسرس کے ساتھ انہوں نے یہاں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر عہدیداروں نے بتایا کہ بالائی علاقوں میں ہورہی بارش کے پیش نظر ڈیم سے تقریباً 43 ہزار کیوزک پانی 5 گیٹ کھول کر نشیبی علاقوں میں چھوڑا جارہا ہے۔

Gudawari

بھدراچلم آئی ٹی ڈی اے پراجکٹ آفیسر بی راہول نے کہا ہے کہ بھدراچلم کے پاس دریائے گوداوری کی سطح آب میں اضافہ کے پیش نظر قبائلی علاقوں کے اطراف واکناف میں رہنے والے اطراف چوکس رہیں۔انہوں نے کہا کہ دوموگوڑم، چرلہ، آشواپورم، منوگورو، گنڈ الا، کامے پلی منڈلوں میں چیک ڈیم، تالاب اور نالوں کو اُبل پڑنے کی وجہ سے کسان چوکس رہیں۔لوگ الکٹرک پول سے دور رہیں۔انہوں نے آشرم اسکول کے ذمہ داران سے خصوصی دلچسپی لینے کی خواہش کی۔

Ganesh Sircilla

ضلع راجنا سرسلہ کے ایس پی مہیش بی گیتے نے عوام سے پرامن ماحول میں روایتی طریقہ کار کے تحت گنپتی نوراتری کا اہتمام کرنے کی خواہش کی ہے۔انہوں نے مشورہ دیا کہ تلنگانہ اسٹیٹ پولیس کی ویب سائٹ پر گنیش مورتیوں کی تنصیب اور جلوس کیلئے اجازت آن لائن حاصل کرنے درخواستیں داخل کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی طرح کے ناخوشگوار واقعہ کے بغیر تہوار منایا جائے۔

Deputy Chief Minister

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہاہے کہ ریاست میں پراجکٹس کیلئے پانی مختص کرنے کا عمل مکمل ہونے کے بعد فاضل پانی کے موضوع پر آندھراپردیش حکومت سے بات چیت کی جائے گی۔انہوں نے وشاکھاپٹنم میں اسٹاپ ووٹ چوری پروگرام سے خطاب کیا۔اِس موقع پرانہوں نے واضح کیا کہ ان کے لئے سیاست سے زیادہ ریاست کے مفادات عزیز ہیں۔انہوں نے کہا کہ آندھراپردیش اور تلنگانہ کے درمیان پانی کی تقسیم کا حصہ طئے کرنے کے بعد ہی نئے پراجکٹس کی تعمیر بہتر ہے۔ بصورت دیگر پانی مختص کرنے کے معاملہ میں مسائل درپیش ہونے کا امکان ہے۔انہوں نے کہا کہ تشکیل تلنگانہ کا مقصد آبی حقوق کا استعمال ہے اوراس معاملہ میں یہی تلنگانہ کی پہلی ترجیح ہے۔

Sarvai Papanna

مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ سردار سروائی پاپنا ایک عظیم جنگجوں اور بہادر تھے جنہوں نے ایک عام خاندان میں جنم لیا تھا اوراس دور کے مغل شہنشاہوں کو ہلا کر رکھ دیا۔انہوں نے آج کریم نگر میں سروائی پاپنا کی یوم پیدائش کے موقع پر کریم نگر میں ان کے مجسمہ پر پھول مالا چڑھاتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ سروائی پاپنا نے پسماندہ اور کمزور طبقات کیلئے امید کی کرن بن کر مساوات پر مبنی سماج کے قیام کیلئے انتھک جدوجہد کی اور ملک کی محبت میں اپنی جان قربان کردی۔اس تقریب میں دیگر عوامی قائدین موجود تھے۔

Surveyor

ریاستی وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں لائسنسڈ سرویرس کیلئے کل سے دوسرے مرحلہ کے تربیتی کیمپس کا آغاز ہوگا۔انہوں نے کہا کہ 23 اضلاع مستقر میں یہ تربیتی پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ کل صبح 10 بجے سے پہلے لائسنس یافتہ سرویرس اپنے ناموں کا اندراج کروائیں۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ 2 اکتوبر سے لائسنس سرویرس کی خدمات ریاست بھر میں دستیاب ہوگی۔

Rythu Bheema Jangaon

جنگاؤں ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے کہا ہے کہ کسانوں کی اچانک اموات سے متعلق ریتو بیمہ اسکیم کے ذریعہ حکومت کی جانب سے ان کسانوں کے خاندانوں کی مالی امداد کی جائے گی۔اس اسکیم کے تحت ضلع جنگاؤں میں ایک لاکھ 27 ہزار 418 کسانوں نے اپنے ناموں کا اندراج کروایا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کا مقصد جیون بیمہ کوریج کی فراہمی کے ذریعہ اچانک فوت ہونے والے کسانوں کے خاندانوں کے لئے مالی سلامتی کو یقینی بنانا ہے۔ان کے مطابق 18 تا 59 سالہ درمیانی عمر کے کسان اس اسکیم کیلئے اہل ہیں۔

Aler MLA Beerla Ilaiah

گورنمنٹ وہپ وآلیر کے رکن اسمبلی بیرلا آئیلیا نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے یادگیری گٹہ مقدس مقام کی ترقی کیلئے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ انہوں نے آج یادگیری گٹہ میں بی ٹی روڈ اور ڈرینج کے کاموں کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ یادگیری گٹہ میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔اسی طرح میڈیکل کالج اور غریب بچوں کیلئے اسکول قائم کیا جائے گا۔ بیرلا آئیلیا نے بتایا کہ آلیر حلقہ میں 3 ہزار 700 اندراماں مکانات تاحال مستحق استفادہ کنندگان کے حوالہ کئے گئے۔

CM Visit

چیف منسٹر ریونت ریڈی اس مہینہ کی 21 تاریخ کو ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم چنڈرہ گنڈہ منڈل بینڈلا پاڈو موضع میں اندراماں مکانات کی گھر بھرونی تقریب کا آغاز کریں گے۔اس تناظر میں چیف منسٹر کے دورہ کے پیش نظر آشوا راؤ پیٹ کے رکن اسمبلی جے آدی نارائنا،کلکٹر جتیش وی پاٹل اور ایس پی روہیت راج نے انتظامات کا جائزہ لیا۔

EC Briefing

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے کہا ہے کہ ریاست میں 18 سال کی مکمل کرنے والے تمام شہریوں کو حق رائے دہی سے استفادہ کا حق ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ووٹ کے حق کیلئے تمام کو درخواست داخل کرنی چاہئے۔ چیف الیکشن کمشنر نے واضح کیا کہ الیکشن کمیشن اورعوام کے درمیان، پارٹیوں کے درمیان کسی بھی طرح کا امتیاز نہیں رکھتی۔انہوں نے اِس بات پر عدم اطمینان کا اظہار کیا کہ بعض افراد دانستہ طور پر غلط تشہیر کرر ہے ہیں۔ گیانیش کمار نے کہا کہ ان کے لئے تمام پارٹیاں اور افراد برابر ہے اور کسی کے ساتھ بھی کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا۔

Sound Byte.

N. V. S. S. Prabhakar

بی جے پی کے نائب ریاستی صدر وسابق رکن اسمبلی این وی ایس ایس پر بھاکر نے وزیراعظم نریندر مودی، آر ایس ایس کے خلاف کانگریس پارٹی کے قائد راہول گاندھی کی جانب سے کئے گئے ریمارکس پر شدید اعتراض کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی کو ملک کی تاریخ سے متعلق معلومات میں کمی ہے اور وہ بے بنیاد الزامات عائد کرر ہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی کے دادا آنجہانی وزیراعظم جواہر لال نہرو نے 26 جنوری 1963ء کو یوم جمہوریہ کے موقع پر اپنے خطاب میں ہند۔چین جنگ میں آرایس ایس کی جانب سے انجام دی گئی خدمات کی ستائش کی تھی۔اسی طرح مہاتما گاندھی، امبیڈکر، اٹل بہاری واجپائی، پرنب مکر جی جیسی کئی شخصیات نے آرایس ایس کے پروگرامس میں شرکت کی اور نظم وضبط پر مبنی اس تنظیم کی ستائش کی۔

High Court

تلنگانہ ہائی کورٹ کے جج سیام کوشی نے کہا ہے کہ ثالثی اور مفاہمت کے ذریعہ مقدمات کی یکسوئی سے عدالتوں پر بتدریج بوجھ کم ہوتا ہے۔انہوں نے متحدہ ضلع ورنگل میں مختلف قانونی خدمات کے اداروں کے زیراہتمام وکلاء کیلئے منعقدہ تربیتی پروگرام میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ ثالثی کے ذریعہ دونوں جانب سے تنازعات کو جلد حل کیا جائے گا۔جس سے وقت اور پیسہ کی بچت ہوگی اور ان کے درمیان امن اور ہم آہنگی پیدا ہوگی۔

Sound Byte

○○